OCTOPUS DIGITAL

Octopus Digital Limited

نوٹس برائے سالانہ چھٹا اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ " کمپنی " کا سالانہ چھٹا اجلاس عام مورخہ 26 مئی 2023ء بروز جمعہ سہ پہر 3:30 بجے بمقام نشاط ہوٹل، گیٹ نمبر 7، امپیریل ہال روم۔بی، امپیو ریم مال، حافظ عبدالحق روڈ، جوہر ٹاؤن، لاہور سے مندرجہ ذیل کاروباری امور کو انجام دینے کیلئے منعقد ہوگا۔

A۔ عمومی کاروباری امور :۔

1۔تفصیلات کی منظوری (Minutes of the Meeting) جو کہ سالانہ پانچویں اجلاس عام مورخہ 28 اپریل 2022ء کو منعقد ہوا تھا۔

2۔31 دسمبر 2022ء کو ختم ہونے والے کمپنی کے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، چیئرمین کا جائزہ، ڈائریکٹران اور آڈیٹرز کی رپورٹس وصول کرنا ان پر غور کرنا اور انہیں اختیار کرنا۔
کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223(7) کے تحت، کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں جنہیں درج ذیل لنک سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

https://octopusdtl.com/investor-information/

3۔کمپنی کے آڈیٹر کو مقرر کرنا اور اس کا معاوضہ طے کرنا۔ حصص یافتگان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹران نے ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز BDO Ebrahim & Co. چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا نام آئندہ مالی سال 31 دسمبر 2023ء کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری کیلئے تجویز کیا ہے۔

4۔یونس حصص بحساب 15% پر خود خوص اور منظوری دینا، جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹران نے کمپنی کے حصص یافتگان کیلئے سفارش کی ہے اور مندرجہ ذیل قرارداد منظور کرنا:۔
قرار پایا جاتا ہے کہ عام حصص جن کی بنیادی قیمت -/10 روپے فی حص کے حساب سے ہے بطور یونس حصص اور مذکورہ حصص مکمل ادا شدہ عام حصص کے مطابق کمپنی کے حصص یافتگان کو جاری کیے جائیں گے، جن کا نام کمپنی کے شیئر رجسٹر میں مورخہ 18 مئی 2023ء روز جمعرات کو ظاہر ہوگا۔ ان یونس حصص کا تناسب ہر 100 حصص پر 15 حصص کے حساب سے ہوگا یعنی 15% ایسے یونس حصص ڈیویڈنڈ کی ترسیل اور تمام امور میں عام حصص کے قانونی مساوی ہونگے۔
مزید قرار پایا جاتا ہے کہ حصص یافتگان کے کسری استحقاق کو مکمل حصص میں اکٹھا کر کے اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کیا جائے گا اور اس سے حاصل شدہ رقم کسی فلاحی ادارے کو عطیہ کی جائے گی۔

B۔ خصوصی کاروباری امور :۔

5۔غور کرنے اور مناسب سمجھے جانے پر مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد منظوری دینا کہ کمپنی کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی ہولڈنگ کمپنی AVANCEON Limited کو PKR 300 ملین کا کم معیادی قرضہ دے۔ اس قرضہ کے مکمل شرائط وضوابط کمپنیز (انوسٹمینٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور جوائنٹ وینچرز) ریگولیشنز 2017ء کے تحت، اس نوٹس کے اہم حقائق کے بیانات جو کہ کمپنی ایکٹ، 2017ء سیکشن 134(3) کے تحت ہے لف ہیں۔
"قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 199 اور دیگر تمام مقابل اطلاق قوانین کے تحت کمپنی کے ارکان کی منظوری دی جاتی ہے کہ کمپنی اپنی ہولڈنگ کمپنی ایونیسون لمیٹڈ کو PKR 300 ملین تک کم معیادی غیر محفوظ قرضہ فراہم کرے"۔
مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور یا کمپنی سیکرٹری کو مشترکہ طور پر اور یا انفرادی طور پر کسی بھی دستاویز پر عمل درآمد کرنے اور مجوزہ قرارداد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کے لیے اختیار دیا جاتا ہے۔

7۔غور کرنے اور مناسب سمجھے جانے پر، "Octopus Digital Limited Employee Stock Option Scheme 2022" کے متعلق مندرجہ ذیل قراردادوں کو بطور پر، کسی ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر، منظور کرنا؛

قرار پایا کہ کمپنیز (Further Issue of Shares) ریگولیشنز، 2020ء کے تحت، آپشنز کی گرانٹ کمپنی کے جاری کردہ یا ادا شدہ سرمائے (جو کہ آپشنز کی گرانٹ کے وقت) کے ایک فیصد کے برابر یا اس سے زیادہ (1%) شناخت شدہ ملازمین کو دیے جا سکتے ہیں۔

مزید قرار پایا کہ کمپنیز (Further Issue of Shares) ریگولیشنز، 2020ء کے تحت ذیلی اداروں اور/یا ہولڈنگ کمپنی کے کسی بھی ملازم کو آپشنز کی گرانٹ دی جا سکتی ہیں۔

مزید قرار پایا کہ، کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا کمپنی سیکرٹری مشترکہ طور پر اور/یا الگ الگ، کسی بھی دستاویز پر عمل درآمد کرنے اور مجوزہ قرارداد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کے لیے اختیار دیا جاتا ہے۔

8۔غور کرنے اور مناسب سمجھے جانے پر، "Octopus Digital Limited Employee Stock Option Scheme 2022" کے متعلق مندرجہ ذیل قراردادوں کو خصوصی قراردادوں کے طور پر، کسی ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر، منظور کرنا؛

قرار پایا کہ کمپنیز (Further Issue of Shares) ریگولیشنز، 2020ء کے ضابطہ نمبر 7(1) کی شق v(a) اور شق viii کے تحت، ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم 2022ء میں درج ذیل ترمیم کی جاتی ہے:
قرار پایا کہ یمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم 2022ء، شق 1.1، اہل ملازم کی تشریح/ترمیم کی جاتی ہے اور اسے حسب ذیل پڑھا جائے۔

"Eligible Employee
Means: A full-time regular employee who is on the payroll of the company, its holding company and/or subsidiary company(ies) as an employee, (and who is admitted in the scheme by the Board). the Chief Executive officer of the company, an Executive Director who is on the payroll of the Company."

مزید قرار پایا کہ، ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم 2022ء کی شق 7.1 میں ترمیم کی جاتی ہے اور اسے حسب ذیل پڑھا جائے:

"The grant of option to eligible identified employees in any one year equal to or over 1% of the paid-up capital of the company (as increase from time to time excluding outstanding conversions) shall require a separate resolution of the shareholders of the company.
It is also clarified that the committee, in its discretion may grant options to Eligible Employees including those presently in employment of the Company, its holding Company and/or its subsidiary Company(ies) and those who join in the future. Whether further options are to be granted to any such employee who has already been granted Options in any one year will also be in the discretion of the committee."

C) کوئی بھی اضافی امور جو کہ چیئرمین کی اجازت سے ہونگے۔

بحکم بورڈ:۔ احسن خلیل (کمپنی سیکرٹری) لاہور مورخہ 05 مئی 2023ء

ویب لنک برائے آن لائن میٹنگ بذریعہ "ZOOM"
ممبران کو کمپنی کے زیر انتظام ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے AGM میں شرکت کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، نیچے دیے گئے لنک پر عمل کریں:
https://us02web.zoom.us/webinar/register/WN__tH_kaQMSSqSdwq-4vmICg
شیئر ہولڈرز AGM کے ایجنڈ آ آئٹمز کے لیے اپنے تبصرے اور سوالات فراہم کردہ ای میل ایڈریس Investors@octopusdtl.com پر کر سکتے ہیں۔
AGM میں شرکت کیلئے درج ذیل لنک سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں https://octopusdtl.com/investor-relations/

حاشیات :۔

۱۔کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتب مورخہ 19 مئی 2023ء سے 26 مئی 2023ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی جس دوران تدوین کیلئے کسی بھی حصص کی منتقلی کی وہ درخواستیں جو درست حالت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر فیمکو ایسوسی ایٹس، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران نرسری بلاک نمبر 6، PECHS، شاہراہ فیصل، کراچی، مورخہ 18 مئی 2023ء کو دفتری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہونگی۔ ان کو یونس حصص کے استحقاق، سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے استحقاق کے تعین کیلئے بروقت شمار کیا جائے گا۔

۲۔سالانہ اجلاس عام میں شمولیت، بولنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے مستحق ہر حصص یافتگان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ شرکت بولنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کیلئے اپنی جگہ کسی پراکسی (نمائندہ) کو مقرر کرے اور ایسے پراکسی کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کی نسبت سے وہی اختیارات حاصل ہونگے جو کہ بذات خود کمپنی کے حصص یافتگان کو حاصل ہوتے ہیں۔ پراکسی مقرر کرنے کیلئے ہر لحاظ سے درست اور باقاعدہ مہر شدہ اور دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونا ضروری ہے۔ پراکسی کا بذات خود کمپنی کے حصص یافتگان میں سے ہونا ضروری نہیں۔

۳۔حصص یافتگان کیلئے ضروری ہے کہ وہ بروقت اپنے پتہ میں تبدیلی فیمکو ایسوسی ایٹس، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران نرسری بلاک نمبر 6، PECHS، شاہراہ فیصل، کراچی، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کر دیں۔

دیگر نوٹس:۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں SECP میں موجود ہدایات پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔

حصص یافتگان کے اجلاس میں شرکت کیلئے۔

۱۔انفرادی فردی کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور زیادہ افراد جسکی سکیورٹی گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور انکی رجسٹریشن کی تفصیل قوانین کے مطابق لف ہوں، اجلاس میں شرکت کیلئے شناخت کی تصدیق اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ سے کروائیں۔

۲۔حصص یافتگان جو کہ CDC میں رجسٹر ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر جو کہ CDC میں ہے، مہیا کریں۔

۳۔کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹران اپنے ٹرسٹیز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نامزد کیے گئے شخص کے دستخط نمونہ پیش کریں۔

پراکسی کی تقرری کیلئے:۔

۱۔انفرادی فردی کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور زیادہ افراد جسکی سکیورٹی گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور انکی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، پراکسی فارم مکمل اور صحیح طور پر تصدیق شدہ ہو جمع کروانا ہونگے۔

۲۔پراکسی فارم پر دو اشخاص گواہ ہونے چاہئیں جنکے نام، پتہ جات، شناختی کارڈ نمبر پر اکسی فارم پر لکھے ہوں۔

۳۔حصص یافتگان اور پراکسی کے درست شناختی کارڈ یا فائدہ مند مالکان کے پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کریں۔

۴۔پراکسی اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت یا آن لائن رجسٹریشن کے وقت پیش کرے۔

۵۔کارپوریٹ شناخت کی صورت میں مختار عام بورڈ آف ڈائریکٹران کا ریزولوشن نامزد کیے گئے شخص کے دستخط نمونہ جات کے ساتھ اجلاس کے وقت یا آن لائن رجسٹریشن کے وقت پیش کرے۔

بیانات بمطابق کمپنیز ایکٹ، 2017ء سیکشن 134(3):۔

۱۔آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ کا سالانجھٹا اجلاس عام جو کہ مورخہ 26 مئی 2023ء کو منعقد ہوگا کے نوٹس کیساتھ منسلک بیانات جس میں کچھ خصوصی کاروباری ابتدائی معلومات کو فراہم کرنا ہے۔

کاروائی کی پانچویں شق:۔

ٹیکنالوجی میں پیشرفت کے زیادہ سے زیادہ استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ماحولیات اور پائیداری کے لیے کمپنی کی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے اور S.R.O 389(I)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023ء کے مطابق سالانہ مالیاتی گوشوارے اور نفع ونقصان آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ، وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے") QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے کمپنی کے ممبران تک پہنچایا جائے گا۔

کاروائی کی چھٹی شق:۔

ضابطہ/قانون نمبر	ضابطہ/قانون	تجویز
3(1)(a)(A)	منسلک کمپنی یا ادارے کے بارے میں	
(i)	منسلک کمپنی یا اس سے وابستہ ادارے کا نام	ایونسیون لمیٹڈ
(ii)	بنیادی تعلق	74.32% حصہ ملکیتی کمپنی
(iii)	گذشتہ 3 سالوں کی فی حص آمدنی	2020: 8.30 (Basic) 8.11 (Diluted) 2021: 3.98 (Basic) 3.91 (Diluted) 2022: 5.29 (Basic) 5.26 (Diluted)
(iv)	تازہ ترین آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے پر مشتمل بریک اپ قیمت فی حص آمدنی	تازہ ترین آڈٹ شدہ (31 دسمبر 2022ء) پر مشتمل بریک اپ قیمت فی حص آمدنی PKR 20.36 ہے۔ (without surplus on revaluation and PKR 21.38 per share with (surplus of revaluation.
(v)	مالیاتی صورتحال، بشمول تازہ ترین مالیاتی گوشوارے اور منافع اور نقصان کے گوشوارے میں بیان کردہ اہم نکات کی بنیاد پر	Financial Position as of and for the year ended December 31, 2022. Main items of Balance Sheet: Rs. in '000' Non-current Assets 5,614,131 Current Assets 3,937,579 Total Equity 6,960,904 Non-current Liabilities 112,707 Current Liabilities 2,478,099 Main items of Profit and Loss Account: Rs. in '000' Sales Net 1,864,524 Profit from operations 2,004,783 Profit before taxation 1,849,212 Profit for the year 1,736,812
(vi)	متعلقہ کمپنی یا اس سے منسلک ادارے کے پروجیکٹ کے سلسلے میں سرمایہ کاری کی معلومات جس نے ابھی کام شروع نہیں کیا	قابل اطلاق نہیں ہے
3(1)(a)(B)	عمومی معلومات	
(i)	زیادہ سے زیادہ کی جانے والی سرمایہ کاری	Rs. 300 ملین کم معیادی قرضہ
(ii)	مقصد، سرمایہ کاری کرنے والی کمپنی اور اس کے اراکین کو مذکورہ سرمایہ کاری سے ممکنہ فائدہ۔ اور سرمایہ کاری کی مدت	سرمایہ کاری کا مقصد منسلک۔ ملکیتی کمپنی ایونیون لمیٹڈ کے پروجیکٹس میں سرمایہ لگانا۔ کمپنی اس کم معیادی قرضہ سے 2% زائد مارک اپ کما سکتی ہے جو کہ دوسرے AA ریٹڈ بنکوں کے مقابلے زیادہ ہے۔
(iii)	سرمایہ کاری میں استعمال ہونے والی انوسٹمنٹ کے ذرائع اور اگر سرمایہ کے لئے قرض لینے کا ارادہ ہے تو (i) قرض کے ذریعے سرمایہ کاری کی وضاحت (ii) ایسی سرمایہ کاری کے حصول کیلئے فراہم کردہ ضمانتوں، اثاثوں کو گروی رکھنے کی تفصیل (iii) سرمایہ کاری کے تجزیہ کا فائدہ	یہ سرمایہ کمپنی کے پاس اضافی کیش سے ادا کیا جائے گا۔ (i) قابل اطلاق نہیں ہے (ii) قابل اطلاق نہیں ہے (iii) قابل اطلاق نہیں ہے
(iv)	مجوزہ سرمایہ کاری کے متعلق، متعلقہ کمپنی یا اس سے منسلک ادارے سے اگر کوئی معاہدہ ہے تو اس کی نمایاں خصوصیات	(i) کم معیادی قرضہ کی مدت ایک سال ہے جسکی سالانہ تجدید ہو سکے گی۔ (ii) غیر محفوظ قرضہ طلب پر قابل ادہ ہے۔ (iii) مارک اپ one month KIBOR+2%
(v)	منسلک کمپنی یا منسلک ادارے یا زیر غور لین دین میں ڈائریکٹرز، سرمایہ کار، اکثریتی شیئر ہولڈر اور ان کے رشتہ داروں کا براہ راست یا بالواسطہ اگر کوئی مفاد ہے	منسلک کمپنی یا منسلک ادارے یا زیر غور لین دین میں ڈائریکٹرز، سرمایہ کار، اکثریتی شیئر ہولڈر اور ان کے رشتہ داروں کا براہ راست یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے سوائے ان کی منسلک کمپنی میں شیئر ہولڈنگ کے۔ کمپنی کے تین ڈائریکٹر منسلک۔ ملکیتی کمپنی میں بھی شیئر ہولڈر ہیں۔ تفصیل بختیار حمید وائیں۔ 59.59% تنویر کرامت۔ 0.58% محمد شاہد میر۔ 0.08%
(vi)	اگر منسلک کمپنی یا ادارے میں کوئی سرمایہ کاری پہلے سے کی جا چکی ہے تو ایسی سرمایہ کاری کی کارکردگی کی مکمل تفصیل۔ وضاحت بشمول کسی خرابی کی معلومات	کوئی نہیں
(vii)	اراکین کیلئے لین دین کو سمجھنے کیلئے دیگر ضروری تفصیلات	کوئی نہیں
(c)	اگر سرمایہ کاری قرضوں، ایڈوانسز اور ضمانتوں کی صورت میں ہے تو ضابطہ 3 کے ذیلی ضابطہ (1) کی شق (a) کے تحت مندرجہ ذیل معلومات بھی فراہم کریں	
(i)	ترتیب وار سرمایہ کاری کی رقم	Rs. 300 ملین غیر محفوظ کم معیادی قرضہ طلب پر قابل ادہ ہے
(ii)	متعلقہ مدت کیلئے سرمایہ کاری کرنے والی کمپنی کی اوسط قرض لینے کی قیمت۔ کراچی انٹر بنک کی دی گئے (KIBOR) شرح۔ شریعت کے مطابق مصنوعات کیلئے منافع کی شرح اور غیر فنڈ شدہ سہولیات کی شرح منافع	کمپنی کا موجودہ قرضہ صفر ہے
(iii)	سود کی شرح، مارک اپ، منافع، فیس یا کمیشن وغیرہ جو سرمایہ کاری کرنے والی کمپنی وصول کرے گی	One month KIBOR+2%
(iv)	مجوزہ سرمایہ کاری کے سلسلے میں ضمانت یا سیکورٹی کی تفصیلات	غیر محفوظ
(v)	اگر سرمایہ کاری میں متبادل کی خصوصیت ہے۔ یعنی شیئرز میں تبدیل ہو سکتی ہے تو یہ حقیقت اور تمام شرائط وضوابط بشمول تبادلوں کے فارمولہ، وقت اور کن حالات میں یہ تبادلہ کو عمل میں لایا جا سکتا ہے	قابل اطلاق نہیں ہے
(vi)	منسلک کمپنی یا ادارے کو دیے جانے والے قرض کی ادائیگی کا شیڈول اور قرض یا ایڈوانس کی شرائط وضوابط	کم معیادی قرضہ کی مدت ایک سال ہے جسکی سالانہ تجدید ہو سکے گی
(4)	ممبران کے لئے دی جانے والی دیگر تفصیلات	
(4)(1)	اگر منسلک کمپنی یا منسلک ادارے یا اس کے ڈائریکٹرز یا اسپانسر میں سے کوئی بھی سرمایہ کاری کرنے والی کمپنی کا رکن ہو تو منسلک کمپنی یا منسلک ادارے یا اس کے ڈائریکٹرز یا اسپانسر کے مفاد کی معلومات جنرل میٹنگ (جو کہ کمپنیز ایکٹ کی شق 199 کے تحت بلائی جائے گی) کے نوٹس میں دی جائے گی	منسلک کمپنی ایونیسون لمیٹڈ اور اس کے ڈائریکٹرز، اسپانسر، اکثریتی شیئر ہولڈرز اور ان کے رشتہ دار کا سرمایہ کاری کرنے والی کمپنی میں یا مجوزہ لین دین میں کوئی مفاد نہیں ہے سوائے ان کی سرمایہ کاری کرنے والی کمپنی میں شیئر ہولڈنگ کے۔ ایونیسون لمیٹڈ آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ کی 74.32% ملکیتی کمپنی ہے۔ منسلک کمپنی کے تین ڈائریکٹرز سرمایہ کاری کرنے والی کمپنی آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ میں بھی ڈائریکٹر ہیں۔ تفصیل بختیار حمید وائیں۔ 01 شیئر تنویر کرامت۔ 50,001 شیئرز محمد شاہد میر۔ 01 شیئر
(4)(3)	منسلک کمپنی یا منسلک ادارے کے تازہ ترین آڈٹ شدہ مالی گوشوارے بشمول تازہ ترین عبوری مالی گوشوارے (اگر کوئی ہیں) کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 199 کے تحت سرمایہ کاری کیلئے خصوصی قرارداد کی منظوری کیلئے بلائے جانے والے عام اجلاس میں اراکین کو معائنہ کیلئے مہیا کی جائیں گی۔	منسلک کمپنی یا منسلک ادارے کے تازہ ترین آڈٹ شدہ مالی گوشوارے بشمول تازہ ترین عبوری مالی گوشوارے (اگر کوئی ہیں) کمپنی کی ویب سائیٹ www.avanceon.ae اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر دستیاب ہیں

کاروائی کی ساتویں شق:۔

کمپنیز (Further Issue of Shares) ریگولیشنز، 2020ء کے ضابطہ نمبر 7(1)v(a) کے تحت ایک علیحدہ خصوصی قرارداد منظور کی جا رہی ہے، تا کہ کمپنی، اس کی ہولڈنگ کمپنی اور/یا اس کی ذیلی کمپنی کمپنیز کے اہل شناخت شدہ ملازمین کو یمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم 2022ء کے تحت آپشنز گرانٹ کی جا سکیں گی۔

کاروائی کی آٹھویں شق:۔

ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم 2022ء کی شق 1.1، تشریح اور شق 7.1 "آپشنز کی گرانٹ" میں ترمیم کی گئی ہے تا کہ کمپنی، اس کی ہولڈنگ کمپنی اور/یا اس کی ذیلی کمپنی کمپنیز کے ملازمین کو آپشنز گرانٹ کی جا سکیں گی۔

۲۔کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 134(3) کے تحت تمام دستاویزات بشمول ایجنڈا اور قرارداد کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں دفتری اوقات میں جانچ کے لیے موجود ہیں۔